روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
جمعرات 23 ۔ اپریل 2015ء 3 رجب 1436 ہجری 23 شہادت 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 93

بے خیالی کی بات

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

انسان بعض اوقات بے خیالی میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی کوئی بات کہہ دیتا ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے درجات بے انتہا بلند کر دیتا ہے اور بعض اوقات وہ لاپرواہی میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی کوئی بات کر بیٹھتا ہے جس کی وجہ سے وہ جہنم میں جا گرتا ہے۔

(بخاری کتاب الرقاق باب حفظ اللسان حدیث نمبر:5997)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

''اس کے بندوں پر رحم کرو اور ان پر زبان یا ہاتھ یا کسی تدبیر سے ظلم نہ کرو۔ مخلوق کی بھلائی کے لئے کوشش کرتے رہو اور کسی پر تکبر نہ کرو، گو اپنا ماتحت ہو، اور کسی کو گالی مت دو، گو وہ گالی دیتا ہو۔ غریب اور حلیم اور نیک نیت اور مخلوق کے ہمدرد بن جاؤ تا قبول کئے جاؤ۔'' (کشتی نوح، روحانی خزائن جلد 19 ص 11)

''انسانی زبان کی چھری تو رک سکتی ہی نہیں جب خدا کا خوف کسی دل میں نہ ہو۔ انسانی زبان کی بے باکی اس امر کی دلیل ہے کہ اس کا دل سچے تقویٰ سے محروم ہے۔ زبان کی تہذیب کا ذریعہ صرف خوف الٰہی اور سچا تقویٰ ہے۔''

(ملفوظات جلد سوم ص 112)

تقویٰ کے بہت سے شعبے ہیں جو عنکبوت کے تاروں کی طرح پھیلے ہوئے ہیں۔ تقویٰ تمام جوارح انسانی اور عقائد زبان، اخلاق وغیرہ سے متعلق ہے۔ نازک ترین معاملہ زبان سے ہے۔ بسا اوقات تقویٰ کو دور کر کے ایک بات کہتا ہے اور دل میں خوش ہو جاتا ہے کہ میں نے یوں کہا اور ایسا کہا حالانکہ وہ بات بری ہوتی ہے مجھے اس پر ایک نقل یاد آئی ہے کہ ایک بزرگ کی کسی دنیا دار نے دعوت کی۔ جب وہ بزرگ کھانا کھانے کے لئے تشریف لے گئے تو اس متکبر دنیا دار نے اپنے نوکر کو کہا کہ فلاں تھال لانا جو ہم پہلے حج میں لائے تھے اور پھر کہا دوسرا تھال بھی لانا جو ہم دوسرے حج میں لائے تھے اور پھر کہا تیسرے حج والا بھی لیتے آنا۔ اس بزرگ نے فرمایا کہ تو بہت ہی قابل رحم ہے۔ ان تینوں فقروں میں تو نے اپنے تینوں ہی حجوں کا ستیاناس کر دیا۔ تیرا مطلب اس سے صرف یہ تھا کہ تو اس امر کا اظہار کرے کہ تو نے تین حج کئے ہیں......۔

اس لئے خدا نے تعلیم دی ہے کہ زبان کو سنبھال کر رکھا جائے اور بے معنی، بیہودہ، بے موقع اور غیر ضروری باتوں سے احتراز کیا جائے......۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص ناف کے نیچے کے عضو اور زبان کو شر سے بچاتا ہے اس کی بہشت کا ذمہ دار میں ہوں۔

حرام خوری اس قدر نقصان نہیں پہنچاتی جیسے قول زور۔ اس سے کوئی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ حرام خوری اچھی چیز ہے۔ یہ سخت غلطی ہے اگر کوئی ایسا سمجھے۔......غرض اس سے معلوم ہوا کہ زبان کا زیاں خطرناک ہے۔

اس لئے متقی اپنی زبان کو بہت ہی قابو میں رکھتا ہے۔ اس کے منہ سے کوئی ایسی بات نہیں نکلتی جو تقویٰ کے خلاف ہو۔ پس تم اپنی زبان پر حکومت کرو۔ نہ یہ کہ زبانیں تم پر حکومت کریں اور اناپ شناپ بولتے رہو۔ ہر ایک بات کہنے سے پہلے سوچ لو کہ اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی اجازت اس کے کہنے میں کہاں تک ہے۔ جب تک یہ نہ سوچ لو مت بولو۔ ایسے بولنے سے جو شرارت کا باعث اور فساد کا موجب ہو نہ بولنا بہتر ہے۔ لیکن یہ بھی مومن کی شان سے بعید ہے کہ امر حق کے اظہار میں رکے۔ اس وقت کسی ملامت کرنے والے کی ملامت اور خوف زبان کو نہ روکے۔......پس زبان کو جیسے خدا تعالیٰ کی رضامندی کے خلاف کسی بات کے کہنے سے روکنا ضروری ہے اسی طرح امر حق کے اظہار کے لئے کھولنا لازمی امر ہے''۔ (ملفوظات جلد اول ص 281-280)

حضور انور کے واقفین نو کے ساتھ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت واقفین نو کے ساتھ پروگراموں میں شرکت فرماتے اور ہدایات سے نوازتے ہیں۔ یہ پروگرام انتہائی دلچسپ اور معلومات افزاء ہونے کے ساتھ روحانی مائدے سے بھرپور ہوتے ہیں۔ احباب ان سے ضرور استفادہ فرمائیں۔ خاص طور پر واقفین نو کو یہ پروگرام ضرور دیکھنے چاہئیں۔

گلشن وقف نو ناصرات

ہفتہ	25-اپریل	8:05 pm
ہفتہ	25-اپریل	11:20 pm
اتوار	26-اپریل	6:25 am
سوموار	27-اپریل	11:45 am
سوموار	27-اپریل	1:25 pm
منگل	28-اپریل	6:10 am

گلشن وقف نو اطفال

اتوار	26-اپریل	8:15 pm
اتوار	26-اپریل	11:16 pm
سوموار	27-اپریل	6:20 am
منگل	28-اپریل	12:00 pm
منگل	28-اپریل	8:30 pm
منگل	28-اپریل	11:25 pm
بدھ	29-اپریل	6:20 am

گلشن وقف نو لجنہ

اتوار	3 مئی	11:20 pm
سوموار	4 مئی	6:20 am
منگل	5 مئی	12:00 pm
منگل	5 مئی	8:30 pm
منگل	5 مئی	11:25 pm
بدھ	6 مئی	6:20 am

باقی صفحہ 8 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 20 مارچ 2015ء

س: حضورانور نے بروز جمعہ دنیا کے بعض ممالک میں لگنے والے سورج گرہن کی بابت کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! آج یہاں سورج گرہن تھا۔ اسی طرح بعض اور ممالک میں بھی گرہن لگا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس موقع پر خاص طور پر دعاؤں، استغفار، صدقہ، خیرات اور نماز پڑھنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ اس لحاظ سے جماعت کو جہاں جہاں بھی گرہن لگنے کی خبر تھی ہدایت کی گئی تھی کہ نماز کسوف ادا کریں۔ ہم نے بھی یہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق یہ نماز ادا کی۔ احادیث میں اللہ تعالیٰ کے خاص نشانوں میں سے ایک نشان سورج اور چاند گرہن کو قرار دیا گیا ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے فضل سے مشرق اور مغرب میں حضرت مسیح موعود کی تائید میں پورا ہوا۔ پس اس لحاظ سے گرہن کی نشانی کا حضرت مسیح موعود اور جماعت سے ایک خاص تعلق ہے۔ آج کا یہ گرہن حضرت مسیح موعود کی بعثت کے نشان کے طور پر تو نہیں کہا جا سکتا۔ لیکن یہ گرہن جمعہ کے دن اور مارچ کے مہینہ کی نسبت سے اس طرف توجہ پھیراتا ہے۔ اس لئے خطبے میں بھی گرہن کے حوالے سے بات کروں گا۔

س: حضورانور نے سورج گرہن کے بارہ میں کون سی حدیث بیان فرمائی؟

ج: فرمایا! حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنھا سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ جب سورج گرہن ہوا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لمبی نماز پڑھائی کہ میرے پر غشی طاری ہونے لگی اور میں اپنے سر پر پانی ڈالنے لگی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے نشانوں میں سے ایک نشان ہے اس کا کسی کی زندگی اور موت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اس میں دعا کرنی چاہئے استغفار کرنا چاہئے۔

س: پیشگوئی کسوف وخسوف کے ظہور پر ہونے والے اعتراضات کا حضرت مسیح موعود نے کیا جواب دیا؟

ج: فرمایا! جب رمضان میں خسوف وکسوف ہو چکا تو پھر یہ اعتراض پیش کیا گیا کہ یہ کسوف وخسوف حدیث کے لفظوں کے مطابق نہیں کیونکہ حدیث میں یہ ہے کہ چاند کو گرہن اول رات میں لگے گا اور سورج کو گرہن درمیان کی تاریخ میں لگے گا حالانکہ اس کسوف وخسوف میں چاند کو گرہن تیرھویں رات میں لگا اور سورج کو گرہن اٹھائیس تاریخ کو لگا اور جب ان کو سمجھایا گیا کہ حدیث میں مہینے کی پہلی تاریخ مراد نہیں اور پہلی تاریخ کے چاند کو قمر نہیں کہہ سکتے اس کا نام تو ہلال ہے اور حدیث میں قمر کا لفظ ہے نہ ہلال کا۔ سو حدیث کے معنی یہ ہیں کہ چاند کو اس پہلی رات میں گرہن لگے گا گرہن کی راتوں میں سے پہلی رات ہے یعنی مہینے کی تیرھویں رات اور سورج کو درمیان کے دن میں گرہن لگے گا یعنی اٹھائیس تاریخ جو اس کے گرہن کے دنوں میں سے درمیانی دن ہے۔

دوسرا عذر یہ بنایا کہ حدیث کے رجال میں ایک راوی اچھا نہیں تھا۔ ان کو کہا گیا کہ جبکہ حدیث کی پیشگوئی پوری ہوگئی تو جرح جس کی بناء شک پر ہے اس یقینی واقعے کے مقابل پر جو حدیث کی صحت پر ایک قوی دلیل ہے کچھ چیز ہی نہیں یہی اصول محدثین کا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ شک یقین کو رفع نہیں کرسکتا۔ پیشگوئی کا اپنے مفہوم کے مطابق ایک مدعی مہدویت کے زمانے میں پوری ہو جانا اس بات پر یقینی گواہی ہے کہ جس کے منہ سے یہ کلمات نکلے تھے اس نے سچ بولا ہے لیکن یہ کہنا اس کی چال چلن میں ہمیں کلام ہے یعنی مدعی کے یا ایک شکی امر ہے اور کبھی کاذب بھی سچ بولتا ہے یعنی کبھی جھوٹا بھی سچ بول سکتا ہے۔ ماسوائے اس کے یہ پیشگوئی اور طریق سے بھی ثابت ہے اور حنفیوں کے بعض اکابر نے بھی اس کو لکھا ہے۔ پھر یہ کہا کہ مسیح موعود نشان کے ظہور کے بعد عنقریب ظاہر ہوگا۔ مگر یہ ان کا جواب بھی بودا اور باطل ثابت ہوا کیونکہ اگر کوئی اور امام ہوتا تو جیسا کہ حدیث کا مفہوم ہے وہ امام صدی کے سر پر آنا چاہئے تھا مگر صدی سے بھی پندرہ برس گزر گئے اور کوئی امام ان کا ظاہر نہیں ہوا۔ پھر یہ بھی کہ گواہ مدعی کے بعد آتا ہے نہ کہ پہلے۔

س: حضرت مسیح موعود نے کسوف وخسوف کا نشان اپنے حق میں ظاہر ہونے کا اظہار کن الفاظ میں کیا؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ ہمارے لئے کسوف وخسوف کا نشان ظاہر ہوا اور صدہا آدمی اس کو دیکھ کر ہماری جماعت میں داخل ہوئے اور اس کسوف وخسوف سے ہم کو خوشی پہنچی اور مخالفوں کو ذلت۔ کیا وہ قسم کھا کر کہہ سکتے ہیں کہ ان کا دل چاہتا تھا کہ ایسے موقع پر جو ہم مہدی موعود کا دعویٰ کر رہے ہیں کسوف وخسوف ہو جائے اور بلاد عرب میں اس کا نام ونشان نہ ہو اور پھر جبکہ خلاف مرضی ظاہر ہو گیا تو بیشک ان کے دل دکھے ہوں گے اور ان میں اپنی ذلت دیکھتے ہوں گے۔

س: مولوی بدرالدین صاحب نے سورج گرہن دیکھ کر کیا کہا؟

ج: حضور انور نے فرمایا! حضرت غلام محمد صاحب بیان کرتے ہیں کہ خاکسار اپنے گاؤں کے ایک مولوی بدرالدین صاحب کے گھر کے سامنے ان کے ہمراہ کھڑا تھا کہ دن میں سورج کو گرہن لگا اور مولوی صاحب نے فرمایا سبحان اللہ مہدی صاحب کے علامات ظہور میں آ گئے اور ان کی آمد کا وقت آ پہنچا۔ بعد کچھ عرصہ گزرنے کے مولوی صاحب احمدی ہو گئے۔

س: حافظ محمد حیات صاحب نے اپنے مضمون میں کسوف خسوف کے حوالہ سے کیا لکھا؟

ج: فرمایا! حافظ محمد حیات صاحب آف لالیاں اپنے ایک مضمون ''لالیاں میں احمدیت'' میں لکھتے ہیں 1894ء میں سورج اور چاند گرہن کے نشان کو پورا ہونے کی وجہ سے بھی لوگوں کے دلوں میں یہ جستجو پیدا ہوئی کہ امام مہدی کا ظہور ہو چکا ہے۔ چنانچہ لالیاں سے تین افراد شیخ امیر الدین صاحب، میاں صاحب دین صاحب اور میاں محمد یار صاحب پیدل سفر کر کے براستہ بٹالہ قادیان پہنچے۔ بعض روایات میں دو افراد کا ذکر ہے۔ بہرحال اس وفد کو بٹالہ میں روک کر کہا گیا کہ جس شخص نے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا ہوا ہے وہ تو نعوذ باللہ جھوٹا ہے کیونکہ اس نے ایک نہیں سات دعوے کئے ہوئے ہیں۔ تم کس کس دعوے پر ایمان لاؤ گے۔ لہٰذا یہیں سے واپس چلے جاؤ یہ سن کر شیخ امیر الدین صاحب نے جواب دیا۔ (پڑھے لکھے نہیں تھے لیکن جواب بڑا دیا) کہنے لگے کہ اگر اس نے سات مختلف دعوے کئے ہیں تو پھر بھی وہ سچا ہے۔ اس نے تو ابھی اور بھی دعوے کرنے ہیں اور دلیل یہ دی انہوں نے اپنے مطابق کہ مثلاً یہاں پر تم سب سات آدمی ہو اور میں اکیلا ہوں۔ تم سب میرے ساتھ مقابلہ کرو اور کشتی کرو اگر میں تم سب کو پچھاڑ دوں تو پھر میں ایک ہوا یا سات۔ یعنی سات پر بھاری ہو گیا اور فرمایا کہ امام الزماں نے تو ساری دنیا کے مختلف مذاہب کا مقابلہ کرنا ہے اس لئے ان کے اور بھی دعوے ہوں گے۔ اس پر وہ سب لاجواب ہو گئے۔ جب قادیان پہنچے تو اس وقت حضرت مسیح موعود بیت مبارک میں تشریف فرما تھے مجلس لگی تھی۔ ان ساتھیوں کا تعارف حضور سے کروایا گیا شیخ صاحب نے عرض کیا کہ حضور ہم لالیاں سے آئے ہیں حضور نے پوچھا کہ لالیاں کہاں ہے۔ حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب نے عرض کیا حضور! لالیاں کڑانہ اور لک بار کے پاس ہے جس پر حضور نے فرمایا کہ ہاں ہاں وہ لک اور لالی۔ حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب نے عرض کیا کہ حضور یہ ہمارے پڑوسی ہیں۔ پھر سفر کے تمام حالات اور واقعات حضور کے سامنے عرض کئے۔ جب حضور نے بٹالوی صاحب کے شاگردوں کا واقعہ سنا تو حضور نے فرمایا دیکھو یہ کیسا اَن پڑھ شخص ہے اس نے کیسا جواب دیا۔ لاجواب کر دیا اس کو کس نے سکھایا اس کو خدا نے سکھایا۔ یہ الفاظ حضور نے تین مرتبہ دھرائے۔ حضور نے پھر ان کو ارشاد فرمایا کہ آپ چند دن ہمارے پاس رہیں۔ تین دن تک یہ حضور کی مجلس میں رہے۔ حضور کے ساتھ سیر پر بھی جاتے رہے۔ وہ نشانیاں جو لالیاں کے علماء نے بتائی تھیں ان کا جائزہ بھی لیا۔ اپنی آنکھوں سے ان نشانیوں کو پورا ہوتے دیکھا۔ آخرکار بیعت کی درخواست کی۔ اس پر حضور نے فرمایا ابھی کچھ دن اور ہمارے پاس رہیں۔ یہ سن کر شیخ صاحب آبدیدہ ہو گئے اور اپنے پاؤں آگے کر کے حضور کو دکھائے اور عرض کی کہ حضور اتنی لمبی مسافت سے ہمارے پاؤں سوج گئے ہیں۔ اتنی تکلیف ہم نے برداشت کی ہے اور ہم نے آپ کو سچا مہدی پایا ہے۔ نہ جانے زندگی ساتھ دے یا نہ دے ہماری بیعت قبول فرمائیں۔ چنانچہ پھر وہاں (بیت) مبارک میں ان کی دستی بیعت ہوئی۔

س: حضور انور نے حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب کے والد میاں امام الدین کے قبولیت احمدیت کا ذکر کن الفاظ میں فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری کے دادا قاضی مولا بخش صاحب تحصیل نواں شہر ضلع جالندھر کے معروف اہلحدیث خطیب تھے۔ جب نشان کسوف وخسوف ظاہر ہوا تو انہوں نے ایک خطبے میں کہا کہ یہ امام مہدی کے ظہور کا نشان ہے اب ہمیں انتظار کرنا چاہئے کہ امام موعود کب اور کہاں سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس خطبے کا خاطر خواہ اثر ہوا۔ چنانچہ مولانا ابوالعطاء صاحب کے والد حضرت میاں امام الدین صاحب کو مدعی کا علم ہوا اور کچھ مطالعہ اور غور وفکر کے بعد حضرت مسیح موعود کی تصدیق اور بیعت کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

س: حضرت مولانا ابراہیم بقاپوری صاحب نے کسوف وخسوف کے ظاہر ہونے پر دو اشخاص کے احمدیت میں داخل ہونے کا کون سا واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! مولانا ابراہیم صاحب بقاپوری بیان فرماتے ہیں کہ دو شخص جو باپ بیٹا تھے ایک مولوی کے پاس آکر کہنے لگے کہ وہ حدیث جس میں کسوف وخسوف کا ذکر امام مہدی کے ظہور کے لئے آیا ہے صحیح ہے۔؟ مولوی صاحب نے کہا کہ حدیث تو صحیح ہے؟ مگر مرزا صاحب کے پھندے میں نہ پھنس جانا کیونکہ وہ اس کو اپنے دعوے کی تصدیق میں پیش کرتے ہیں اور یہ حدیث امام مہدی کی پیدائش کے متعلق ہے نہ کہ دعوے کی دلیل کے لئے ہے۔ باپ نے کہا مولوی صاحب جو میں نے آپ سے بات پوچھی اس کا جواب آپ نے دے دیا ہے باقی رہا یہ کہ وہ کس پر چسپاں ہوتی ہے تو اس کے متعلق عرض ہے کہ میری ساری عمر مقدمہ جات میں گزری ہے مگر مجھے سرکار نے کبھی گواہ لانے کے لئے نہیں کہا تھا جب تک کہ میں پہلے دعویٰ نہ کرتا۔ یہی حال مرزا صاحب کا ہے کہ ان کا دعویٰ تو پہلے سے ہی ہے اور اب یہ کسوف وخسوف ان کے دعوے کی دلیل کے طور پر ہیں اس پر مولوی صاحب خاموش ہو گئے اور دونوں باپ بیٹا اپنے گاؤں چلے

باقی صفحہ 7 پر

مکرم اویس نصیر صاحب

پہلے عربی نوبیل انعام یافتہ ادیب نجیب محفوظ

عربی میں ''یا امی '' کا مطلب ہے کہ اے میری والدہ۔اسی لفظ کو مصر والے اپنے عام لہجہ میں یمہ کہتے ہیں۔جو فصاحت و بلاغت سے خالی ہے۔نجیب محفوظ کا ایک شعر ہے کہ

عصفوری یمہ عصفوری
لالعب و اوریلہ اموری

یعنی: اے میری ماں! یہ میری چڑیا ہے، یہ میری چڑیا ہے میں اس کے ساتھ کھیلتا ہوں اور اپنے کام اسے دکھاتا ہوں۔

عربی جاننے والے جانتے ہیں کہ اس شعر کی حالت کتنی نازک ہے۔جس کے کلمات عربی لہجہ عامیہ کے ہیں۔گو کہ یہ ان کے بچپن کا شعر ہے مگر یہ سادہ سا شعر ان کے اس ابتدائی زمانہ کے عربی ادب سے لگاؤ کا آئینہ دار ہے۔

اور پھر واقعۃً ان کے عربی ادب سے عشق کی ایک انتہا یہ ہوئی کہ 1988ء میں وہ نوبیل انعام کے حقدار ہو گئے۔

نجیب محفوظ 11 دسمبر 1911ء کو قاہرہ، مصر کے علاقہ جمالیہ میں پیدا ہوئے۔بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے۔ابتدائی تعلیم کے بعد فلسفہ کی تعلیم فؤاد الاول یونیورسٹی سے حاصل کی جسے آج کل قاہرہ یونیورسٹی کہا جاتا ہے۔1934ء تا 1971ء مختلف حکومتی اداروں میں ملازمت کی۔28 ستمبر 1953ء کو عطیۃ اللہ ابراہیم سے شادی ہوئی۔جن کے بطن سے دو بیٹیاں ام کلثوم اور فاطمہ پیدا ہوئیں۔بچپن سے ہی لکھنے کا شوق تھا جس کا اظہار اپنے ایک انٹرویو میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں اس طرح کرتے ہیں۔''میں نے اپنی کاپیوں میں اس وقت ہی لکھنا شروع کر دیا تھا جس وقت میں سکول میں پڑھتا تھا۔میں کلاسیکل عربی کتب لکھنے والوں میں سے المنفلوطی، طہٰ حسین، العقاد سے بہت متاثر تھا۔انہوں نے ہی مجھے لکھنے کی طرف متوجہ کیا۔

1990ء میں مکتبہ لبنان کی طرف سے نجیب محفوظ کے ادب کا ادبی حصہ پانچ جلدوں میں بنام (المولفات الکاملہ) چھپا تھا۔جس میں ان کے پینتالیس ناول شامل ہیں۔نجیب محفوظ نے فلسفہ کی تعلیم حاصل کی مگر اس دوران بھی عربی ادب ذہن میں سوار رہتا تھا۔چنانچہ آپ لکھتے ہیں۔

''میں ایک ہاتھ میں فلسفہ کی کتاب پکڑتا تھا اور دوسرے ہاتھ میں توفیق الحکیم، یحیی حقی اور طه حسین کے مختصر قصے ہوتے تھے۔میں نے ارادہ کر لیا کہ فلسفہ کو چھوڑ کر ان کے ساتھ چلنا شروع کر دوں۔''
(المولفات الکاملۃ۔المجلد الاول۔المولف، ک۔ مکتبہ لبنان۔الطبعۃ الاولی 1990ء)

جب مصری اخبار الاھرام میں ان کا ناول اولاد حارتنا (ہمارے محلے کے بچے) شائع ہونا شروع ہوا تو شدید تنازعات پیدا ہو گئے اور یہ تنازعات مذہبی نوعیت کے تھے۔جس کی مخالفت الازہر یونیورسٹی کے بعض علماء نے بھی کی اور نتیجۃً اس کی اشاعت رک گئی اور اسی وجہ سے ہی یہ ناول پہلی مرتبہ لبنان سے شائع ہوا۔میری بعض مصریوں سے بات ہوئی تو ان کی گفتگو سے محسوس ہوا کہ آج بھی مصر میں ایک اہم طبقہ ان کے اس ناول کا مخالف ہے گو اس ناول کے حمایتی بھی کافی تعداد میں ہیں۔

نجیب کے مختلف ناول فلموں اور ڈراموں کی صورت میں بھی سامنے آتے رہے ہیں مثلاً الشحاذ، ثرثرة فوق النیل، زقاق المدق، بدایہ و نھایہ، السراب، بین القصرین، قصر الشوق، السکریہ۔اسی طرح نجیب محفوظ کا مشہور تاریخی ناول عبث الاقدار بھی ڈرامہ کی صورت میں الاقدار کے نام سے اور ملحمة الحرافیش بنام التوت و النبوت نشر ہو چکا ہے۔

نجیب محفوظ۔نام رکھنے میں حکمت

نجیب محفوظ بیان کرتے ہیں۔

ایک دن میں نے اپنی والدہ سے پوچھا کہ محفوظ کون ہے؟ میرے والد کا نام تو عبدالعزیز ہے پھر مجھے نجیب محفوظ کے نام سے کیوں پکارتی ہو؟ اس پر والدہ مسکرائیں اور کہا کہ تم نجیب محفوظ ہو۔یہ تمہارا نام ہے اور تمہارے والد کا نام عبدالعزیز ہے۔اس نام کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ تمہاری ولادت کے وقت دائی نے کسی ڈاکٹر کو بلانے کا مشورہ دیا کیونکہ میری حالت خراب تھی۔تو تمہارے والد مصر کے مشہور ڈاکٹر کے پاس گئے۔اس طرح اللہ کی مدد سے ڈاکٹر نجیب محفوظ نے تمہیں سلامت رکھا۔اسی وجہ سے اس ڈاکٹر کے نام کی مطابقت سے تمہارا نام نجیب محفوظ رکھا۔

(کتاب ''انا نجیب محفوظ'' مولف۔ابراہیم عبدالعزیز۔ صفحہ 31۔الطبعۃ الاولی 2006ء۔مصر)

عربی پڑھانے والے اساتذہ کی فضیلت

نجیب محفوظ لکھتے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے عربی ادب اور عربی ثقافت کی طرف مائل ہونے میں ہمارے عربی پڑھانے والے اساتذہ کا بہت اہم کردار ہے۔کیونکہ وہ صرف مقررہ نصاب پڑھانے تک محدود نہیں رہتے تھے بلکہ اپنے درس میں ادبی حکایات اور اشعار بھی جاری رکھتے تھے۔ہم ان سے ان کے مصادر کے متعلق پوچھتے تھے۔تو وہ قدیم عربی لٹریچر کا ہمیں بتاتے تھے۔اسی وجہ سے میں نے وہ کتابیں پڑھنی شروع کر دیں تھیں جو کہ میرے ساتھی نہیں پڑھتے تھے اور نہ اس کے بارے میں جانتے تھے جیسا کہ الکامل، الامالی۔اسی طرح عصر حاضر کی طرف بھی توجہ کی جیسا کہ منفلوطی کی کتب وغیرہ۔

(کتاب ''انا نجیب محفوظ'' مولف۔ابراہیم عبدالعزیز۔ صفحہ 63۔الطبعۃ الاولی 2006ء۔مصر)

پہلے قصے کی اشاعت

اپنے پہلے قصے کے متعلق لکھتے ہیں۔

میرا پہلا قصہ بنام (ملوک تحت الارض) مجلّہ شباب۔للمرحوم محمود عزمی میں پہلی مرتبہ 1930ء میں چھپا۔

مصر کے مشہور ادیب توفیق الحکیم کے متعلق نجیب محفوظ لکھتے ہیں۔

توفیق الحکیم کا جو اثر میری زندگی میں ہے وہ آپ کے تصور سے بھی زیادہ ہے۔اگر توفیق الحکیم نہ ہوتا تو میں ادیب نہ ہوتا۔میں فلسفہ پڑھتا تھا اور اپنی زندگی کا حاشیہ ادب کو تصور کرتا تھا۔جب توفیق الحکیم ادب میں داخل ہوئے اس وقت ہم نے اس کی اہمیت کو سمجھا۔

نوبیل انعام کا حصول

نجیب محفوظ نے جس محنت اور لگن سے ایک ایسی کامیابی حاصل کی جو ہر ایک محنتی عالم و فاضل کے لئے قابل تقلید نمونہ ہے۔انہوں نے اس کامیابی تک پہنچنے کے لئے جو راستہ اپنایا اس کی اپنی ایک خاص ممتاز حیثیت ہے۔اس کا ذکر وہ خود ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

''میں بہت خوش ہوں کیونکہ میں نے یہ اصول توڑ دیا ہے کہ موجودہ دور میں کسی چیز کو حاصل کرنے کے لئے مختلف مواقع تعلقات اور متعدد روابط کی ضرورت ہوتی ہے۔میں یہ نہیں کہتا کہ میں نے نیا اصول قائم کر دیا ہے۔بلکہ میں یہ کہتا ہوں کہ میں نے پرانا رائج اصول ختم کر دیا ہے۔اور ہر ایک مجتہد کے لئے میں نے ایک نمونہ قائم کر دیا کہ اگر وہ کام کی طرف توجہ دے اور اس پر دوام اختیار کرے تو نوبیل انعام حاصل کرنا اس کے لئے ناممکن نہیں۔''

نجیب محفوظ صاحب ایک واقعہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

مجھے ہمیشہ ڈاکٹر لویس عوض (LOUIS AWAD) کی وہ بات یاد رہتی ہے۔جو نوبیل انعام کے حصول کے وقت انہوں نے کہی۔انہوں نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ نوبیل انعام حاصل کر لینا کوئی بڑی بات نہیں بلکہ اصل بات تو یہ ہے کہ بڑے بڑے علماء اور نقاد اس کامیاب ہونے والے کا استقبال کس طرح کرتے ہیں۔مجھے پہلے تو ان کی اس بات پر بڑا تعجب آیا اور میں نے کہا کہ جب میں اس عظیم انعام کو حاصل کر رہا ہوں تو ان کو اس وقت یہ بات سوجھی ہے؟ مگر اس کے بعد میں نے غور کیا تو ان کی بات بالکل درست معلوم ہوئی کہ نوبیل انعام کا حصول تو کامیابی کی طرف پہلا قدم ہے۔مگر اصل مقصد تو تب پورا ہوگا جب میرا کام دنیا کے بڑے بڑے لکھنے والوں اور ثقہ علماء کے سامنے آئے گا۔

کتب کے مختلف زبانوں میں تراجم

نجیب محفوظ کی کتب کا مختلف زبانوں میں ترجمہ ہوا ہے۔ایک فلسطینی اخبار القدس میں ایک مضمون نگار اس کا تذکرہ اس طرح کرتا ہے۔

''نجیب محفوظ کو فوت ہوئے آٹھ سال ہو گئے اور ان کی روایات ابھی تک سپینش زبان میں ترجمہ ہو رہی ہیں اور دن بدن اسے ادبی حلقہ میں ایک مقام حاصل ہو رہا ہے خواہ وہ سپین ہو یا امریکا۔

نجیب محفوظ کے بعض مشہور ناول

عبث الاقدار 1939ء، کفاح طیبہ 1944ء، القاہرہ الجدیدہ 1946ء، زقاق المدق 1947ء، بین القصرین 1956ء، قصر الشوق 1956ء، السکریہ 1957، ثرثرة فوق النیل 1966ء، حضرة المحترم 1975ء۔

ملحمۃ الحرافیش 1977ء، لیالی الف لیلۃ ولیلۃ 1982ء، العایش فی الحقیقہ 1985ء، صباح الورد 1987ء۔

نجیب محفوظ کے بعض مختصر قصے:

ھمس الجنون 1948ء، دنیا اللہ 1963ء، بیت سئی السمعۃ 1965ء، خمارة القط الاسود 1969ء، حکایۃ بلا نھایۃ ولا بدایۃ 1971ء، شھر العسل 1971ء، الجریمۃ 1973ء، الفجر الکاذب 1988ء، اھل الھوی 1988ء۔

نجیب محفوظ بیان کرتے ہیں۔

ایک دن میں نے ایک قصہ (مش قد کدہ) لکھا۔اہرام (ایک مشہور مصری اخبار) نے بڑی خوشی کا اظہار کیا اور اسے بڑے اچھے طریق سے نشر کیا اور مجھے اس پر بہت تعجب ہوا۔میرے ایک سوڈانی دوست میرے پاس آئے اور کہا کہ آپ نجیب محفوظ نہیں بلکہ نجیب محظوظ ہو۔

فیشاوی قہوہ خانہ اور نجیب محفوظ

نجیب محفوظ کے متعدد ناولوں میں قہوہ خانوں کا ذکر ملتا ہے۔مثلاً ''قصر الشوق'' نامی ناول میں احمد عبدہ کے قہوہ خانے اور زقاق المدق نامی ناول میں قہوہ خانہ ''کرشتہ'' اسی طرح کرنک نامی ناول

باقی صفحہ 7 پر

مرتبہ: مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

ملکی اخبارات میں شائع ہونے والے مضامین سے حاصل مطالعہ

قرارداد پاکستان کے متعلق مفید حوالے

23 مارچ 1940ء کو بادشاہی مسجد کے قریب واقع منٹو پارک (اب اقبال پارک) لاہور میں مسلمانان ہند کا قائداعظم کی صدارت میں تاریخی اجلاس ہوا جس میں بنگال کے معروف مسلم لیگی لیڈر مولوی فضل حق نے اہم قرارداد پیش کی جو شروع میں قرارداد لاہور اور بعد میں بجا طور پر قرارداد پاکستان کے نام سے مشہور ہوئی۔ 23 مارچ کی قرارداد کی اہمیت کے پیش نظر مورخہ 23 اور 24 مارچ 2012ء کو قومی اخبارات بشمول روزنامہ نوائے وقت میں مختلف اہل علم وقلم کے مضامین شائع ہوئے۔ پہلے نوائے وقت کے اہم مضامین سے کچھ دلچسپ اور معلومات افزاء اقتباسات نذر قارئین کئے جاتے ہیں۔

قرارداد پاکستان کے ثمرات

مندرجہ بالا عنوان کے تحت علمی وادبی شخصیت ڈاکٹر حسین احمد پراچہ اپنے مضمون میں لکھتے ہیں:۔

23 مارچ 1940ء وہ خوش قسمت دن ہے جب منٹو پارک لاہور میں جہاں اب مینار پاکستان بڑے کروفر سے پابہ گل اور سربفلک ہے، وہاں قائداعظم کی صدارت میں تقریباً ایک لاکھ سے زائد فرزندان اسلام کا عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا جس میں برصغیر کے کونے کونے سے مسلم لیگ کے قائدین کارکنان اور عوام الناس نے شرکت کی“۔

قائداعظم نے صدارتی خطبے میں فرمایا:

ہم ہندوستان کے شمال مشرق اور شمال مغرب میں جن صوبوں میں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ ایک نیا اسلامی ملک بنانا چاہتے ہیں۔ ہمیں یہ حق حاصل ہونا چاہئے کہ ہم ان صوبوں میں اسلامی حکومت قائم کریں۔ (کالم نمبر 2)

آگے چل کر صاحب مضمون تحریر کرتے ہیں۔

قائداعظم کے ولولہ انگیز اور دلائل سے بھرپور دانشمندانہ اور دانشورانہ صدارتی خطبے کے بعد شیر بنگال مولوی فضل الحق نے قائداعظم کی سربراہی میں مرتب کردہ قرارداد لاہور پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک میں کوئی دستور مسلمانوں کے لئے قابل قبول نہ ہوگا۔ جب تک وہ مندرجہ ذیل اصولوں پر مرتب نہ ہو یعنی جغرافیائی اعتبار سے متصلہ علاقے الگ الگ خطے بنا دیئے جائیں اور جو علاقائی ترمیمیں ضروری سمجھی جائیں کرلی جائیں تاکہ ہندوستان کے شمال مغرب اور شمال مشرق میں جن علاقوں کے اندر مسلمانوں کو از روئے آبادی کثرت حاصل ہے وہ یکجا ہو کر آزاد ریاستیں بن جائیں۔ ان وحدتوں کے دستور میں اقلیتوں کے مذہبی، معاشی، سیاسی، انتظامی اور دیگر حقوق اور مفادات کی حفاظت کے لئے مؤثر انتظامات مہیا کئے جائیں۔

(روزنامہ نوائے وقت مورخہ 23 مارچ 2012ء)

قرارداد کی مخالفت

وقیع مضمون نگار پروفیسر محمد مظفر مرزا اپنے کالم قرارداد پاکستان کے آغاز میں لکھتے ہیں۔

پاکستان عزم عالی شان کی باسعادت و متبرک تخلیق بڑے طوفانوں، بڑے بڑے سنگین مرحلوں اور بے پناہ عذابوں کے بعد ہوئی...... برصغیر کا کوئی بھی وائسرائے یہ نہیں چاہتا تھا کہ برصغیر کو تقسیم کیا جائے یہ بات ان کے خواب وخیال میں بھی نہیں تھی۔ مسٹر نہرو، مسٹر گاندھی، مسٹر پٹیل، مسٹر راج گوپال اچاریہ اور ان کے دیگر حواری برصغیر کی تقسیم کو گئو ماتا کی تقسیم تصور کرتے تھے ملاحظہ فرمائیے کہ پوری آل انڈیا نیشنل کانگریس مخالف تھی، طرہ یہ کہ ایک مخصوص طبقہ اپنوں کا جو منبر ومحراب کے علمبرداران دین وسیاست تھے وہ بھی مخالف تھے کہ برصغیر کو تقسیم نہ کیا جائے۔ بہت سے تو کانگریس کے اجیران صد احترام میں شامل تھے۔

(نوائے وقت مورخہ 24 مارچ 2012ء)

تین راہنما اصول

مضمون نگار مصباح کوکب اپنے مضمون بعنوان 23 مارچ میں تحریر کرتی ہیں۔

23 مارچ ایک تاریخ ساز دن ہے۔ آج سے 72 برس قبل 1940ء کو منٹو پارک لاہور میں آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ کنونشن ہوا تھا جس کی صدارت قائداعظم نے کی تھی۔ اس کنونشن میں مشرقی بنگال کے اے کے فضل الحق نے پاکستان کے قیام کی قرارداد پیش کی تھی۔ پھر ایک دبلے پتلے نحیف جسم والے (قائداعظم) کی قیادت میں علیحدہ وطن کے حصول کی تحریک شروع ہوگئی تھی اس وقت مسلمان ایک قوم تھے ان میں جذبہ تھا، سچی لگن تھی، عزم وارادہ تھا، سب کی زبان پر تھا کہ لے کے رہیں گے پاکستان بن کے رہے گا پاکستان اور پاکستان کا مطلب کیا لا الٰہ الا اللہ

اس وقت مسلمان پنجابی، سندھی، سرحدی، بلوچی، بنگالی یا پٹھان ہرگز نہ تھے اور مذہبی کوئی شیعہ تھا اور نہ ہی سنی بلکہ صرف مسلمان تھے اور سب ایک تھے اور قائداعظم نے بھی مسلمانوں کو جمہوریت کے تین راہنما اصول ایمان (Faith) اتحاد (Unity) اور نظم وضبط (Discipline) سے روشناس کردیا تھا اور پھر انہی راہنما اصولوں پر عمل کرتے ہوئے مسلمانوں نے ایک منظم اور متحد قوم بن کر 1940ء سے 1947ء تک جدوجہد کرتے ہوئے سات سال کے مختصر عرصے میں علیحدہ وطن حاصل کرلیا۔ لیکن جونہی اس ملک کو بنانے والے اللہ کو پیارے ہوگئے تو ابن الوقت، مصلحت آمیز، اقتدار پرست، وڈیرہ شاہی اور جاگیردارانہ ذہنیت نے اجارہ داری قائم کرلی۔ وہ لوگ جو شریک سفر نہ تھے انہیں نوازا گیا اور ساتھ ہی لوٹ کھسوٹ کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہوگیا۔

(از مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 23 مارچ 2012ء)

اعتراف شکست

پروفیسر محمد یوسف عرفان اپنے مضمون قرارداد پاکستان کی بازگشت میں تحریر کرتے ہیں:۔

قرارداد پاکستان کے وقت ہندی مسلمانوں کا قومی وملی شعور اس قدر بیدار متحرک اور مؤثر تھا کہ ہندو اکثریتی علاقوں کے مسلمانوں نے بھی آزاد اسلامی ریاست پاکستان کے حق میں سو فیصد ووٹ دیا جس کا مظہر 46-1945ء کے عام انتخابات کے نتائج ہیں۔ قائداعظم کی قیادت میں مسلم لیگ نے 7 سال کے اندر ساری مسلم آبادی کا واحد مطالبہ پاکستان بنا دیا۔ اس وقت ہر مسلمان خاص وعام کا ایک ہی نعرہ تھا کہ بٹ کے رہے گا ہندوستان بن کے رہے گا پاکستان، پاکستان بن گیا۔ قائداعظم کی حکمت عملی ایمان، اتحاد اور تنظیم تھی...... ہندو قوم کی پالیسی متحدہ قومیت اور متحدہ ہندوستان کی تھی جس کے لئے مسلم رابطہ عوام مہم شروع کی گئی اور ہندو مزاج عبدالغفار خان جیسے سرحدی گاندھی، جی ایم سید جیسے سندھی گاندھی، مولانا حسین احمد مدنی مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری اور مولانا ابوالاعلیٰ مودودی جیسے دینی اکابرین سے مدد لی گئی۔ قیام پاکستان کے بعد مذکورہ بالا سارے دینی طبقے نے اپنی سیاسی شکست تسلیم کی۔

(از مضمون مطبوعہ نوائے وقت 23 مارچ 2012ء)

جناب مجید نظامی کچھ تاریخی حقائق بیان کرتے ہیں:۔

نوائے وقت گروپ کے ایڈیٹر انچیف جناب مجید نظامی نے تقریب یوم پاکستان کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا:

قرارداد پاکستان منظور ہونے کے بعد سات سال کے مختصر عرصہ میں انگریزوں، ہندوؤں اور سکھوں کی مخالفت کے باوجود پاکستان معرض وجود میں آگیا۔ پاکستان کے مخالفین میں مسلمان بھی تھے جن میں کانگریسی مسلمان، احراری مسلمان اور خاکسار مسلمان شامل تھے۔ ...... دو قومی نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے یعنی ہندو اور مسلمان دو الگ الگ قوم تھے اور ہیں۔

(نوائے وقت مورخہ 24 مارچ 2012ء ص 6 کالم 6)

قرارداد لاہور کی تاریخی اہمیت

مندرجہ بالا عنوان کے تحت معروف صحافی احسان اللہ ثاقب اپنے مضمون کے شروع میں تحریر کرتے ہیں۔

قرارداد لاہور کی تاریخی اہمیت مسلمہ ہے۔ یہ قرارداد 23 مارچ 1940ء کو لاہور کے منٹو پارک (موجودہ اقبال پارک) میں لاکھوں فرزندان اسلام نے منظور کی۔ اس قرارداد کی تاریخی اہمیت کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ اس نے مسلمانان ہند کے لئے ایک الگ آزاد خود مختار مسلم ریاست کا نصب العین متعین کیا جس کے نتیجے میں صرف سات سال اور 5 ماہ کے قلیل عرصہ میں توحید ورسالت کے پروانوں کو خود مختار وطن عزیز حاصل ہوگیا۔ یہ قرارداد مسلمانوں کے سچے جذبات اور احساسات کی آئینہ دار تھی اس کا جادو سر چڑھ کر بولا جذبوں کی سچائی کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ اگرچہ اس قرارداد میں پاکستان کا لفظ کہیں بھی استعمال نہیں کیا گیا ہے مگر اس کے باوجود اسے قرارداد لاہور کی بجائے زیادہ تر قرارداد پاکستان کا نام دیا جاتا ہے۔

مضمون نگار لکھتے ہیں:۔

قرارداد لاہور کی منظوری کے بعد پشاور سے لے کر چاٹگام تک مسلم قوم آزادی حاصل کرنے کے لئے دشمن کے سامنے ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن گئی شہر شہر گاؤں گاؤں ہر زبان پر یہ نعرے تھے آزادی کا مطلب کیا۔ لا الٰہ الا اللہ بن کے رہے گا پاکستان۔ لے کے رہیں گے پاکستان۔ دوسری جانب قرارداد لاہور نے ہندو قیادت کو بوکھلاہٹ میں مبتلا کر دیا۔ مثال کے طور پر گاندھی نے مسلمانوں کے الگ وطن کے مطالبے اور تقسیم ہند کی تجویز کو ناقابل عمل قرار دیا۔ مگر قائداعظم نے ہندو راہنماؤں کے اعتراضات کو رد کرتے ہوئے کہا:

قدرت نے پہلے ہی ہندوستان کو تقسیم کر رکھا ہے اور اس کے حصے علیحدہ علیحدہ ہیں۔ ہندوستان کے نقشے پر مسلم ہندوستان اور ہندوستان پہلے ہی موجود ہیں۔ بالآخر 14 راگست 1947ء کو قرارداد لاہور نے اپنا تاریخی رنگ دکھایا جب اسلامی ریاست پاکستان آزاد دنیا کے نقشہ پر ابھری۔

(از مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 24 مارچ 2012ء)

پہلی بار علیحدہ وطن کا مطالبہ اور ہندو پریس کا فائدہ مند پروپیگنڈا

کہنہ مشق مضمون نگار قیوم نظامی اپنے مضمون 23 مارچ کی قرارداد کا پس منظر کے آغاز میں لکھتے ہیں۔

23 مارچ 1940ء کی قرارداد لاہور اس لحاظ سے تاریخی اہمیت کی حامل ہے کہ تحریک پاکستان کے دوران بھارت کے مسلمانوں نے پہلی بار اس

قرارداد کے ذریعے ایک علیحدہ وطن حاصل کرنے کا مطالبہ کیا اور وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ ایک ہی وطن میں ہندوؤں کی بالادستی میں رہنا مسلمانوں کے مفاد میں نہیں ہے۔ 1940ء کی قرارداد چونکہ پہلی قرارداد تھی جس میں مسلمانوں کی منزل کی نشاندہی کی گئی تھی اور جسے تاریخی شہر لاہور میں آل انڈیا مسلم لیگ کے جنرل باڈی کونسل کے اجلاس میں قائداعظم کی صدارت میں پُرجوش انداز میں منظور کیا گیا تھا لہٰذا ہر سال اس تاریخی قرارداد کی یاد منائی جاتی ہے۔ 1940ء کی قرارداد پریس میں شائع ہوئی تو اس پر پورے بھارت میں تبصرے ہوئے۔ بیانات جاری ہوئے۔ کالم لکھے گئے۔ بھارت کے ہندو لیڈروں نے قرارداد لاہور کو قرارداد پاکستان کا نام دیا جسے مسلمانوں نے قبول کرلیا۔

(از مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 23 مارچ 2012ء)

تحریک پاکستان کے ایک دیرینہ کارکن چودھری ایم اے شیدا اپنے مضمون یوم پاکستان تاریخ کے آئینے میں رقمطراز ہیں۔

جب قیام پاکستان کی راہ میں انگریز اور ہندو سامراج کی جانب سے ایک نہیں سینکڑوں پتھر لڑھکائے گئے تھے لیکن ایک بھی پتھر ہمارا راستہ نہیں روک سکا تھا۔ ایسا کیونکر ممکن ہوا؟ یہ سوچتے ہوئے ہم ہمیشہ تاریخ سے جواب طلب کرتے ہیں اس لئے کہ تاریخ ہمیشہ صحیح جواب دیتی ہے اور اس سلسلہ میں کسی بخل سے کام نہیں لیتی۔ تاریخ بتاتی ہے کہ راستے کے بھاری پتھر سے نبٹنے کے لئے اتحاد، ایمان، نظم وضبط اور اولوالعزم قیادت ہی کام آتی ہے تحریک پاکستان کے فیصلہ کن دور میں ایسی قیادت ہمارے رب کی طرف سے ایک نعمت کی صورت میں ہمیں میسر آئی۔ مشیت الٰہی نے ہم محکوموں کی قیادت کے لئے حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی ذات کو منتخب کیا جس نے دشمن کے وضع کردہ ہتھیاروں ہی سے اس کو زیر کیا اور مطالبہ پاکستان منوا کر چھوڑا۔ ...... تحریک پاکستان کے ایک مخلص اور فعال کارکن ہونے کی حیثیت سے میرا یہ مشاہدہ بھی ہے کہ ہم نے حصول پاکستان کی خاطر انگریز اور ہندو دونوں قوموں سے عسکری جنگ نہیں لڑی اور نہ ہی اس سلسلہ میں پانی پت کی چوتھی جنگ ہوئی اور نہ ہی ہم نے جسمانی طور پر انگریز کو دھکیل کر سمندر کی لہروں کے سپرد کیا بلکہ ہم نے دونوں قوموں سے یہ جنگ آزادی فکری اور ذہنی محاذ پر لڑی اور وہ طریقہ اختیار کیا جو جمہوری عمل کے دائرہ میں آتا تھا۔ (کالم نمبر 2,1)

اتحاد کی ضرورت

صاحب مضمون اپنے مضمون کے آخری کالم میں ایک اہم مسئلہ کی طرف توجہ دلاتے ہیں:۔

موجودہ بحرانی دور میں دنیاوی مسائل کے علاوہ جو ایک سب سے بڑا مسئلہ ہمیں درپیش ہے وہ یہ ہے کہ پاکستانیوں کو ایک مضبوط اور متحد قوم کے سانچے میں ڈھالا جائے۔ ہمہ گیر انفرادی کردار اور اعلیٰ قدروں کی تخلیق کے بغیر نہ تو کوئی قوم کامیاب ہوسکتی ہے اور نہ ہی کوئی ملک ترقی یافتہ بن سکتا ہے۔ دو قومی نظریہ خود پاکستان کی آزادی کا دوسرا نام ہے۔ غلام قوموں کی نہ کوئی قومیت ہوتی ہے اور نہ ان کا کوئی وطن ہوتا ہے۔ آزادی کا بوجھ منتشر قوم اٹھا نہیں سکتی اور جب تک نظریاتی محاذ قائم رہیں ایک قوم زندہ رہتی ہے جب نظریاتی محاذ ہاتھ سے نکل جائے تو گولہ بارود، آتشیں اسلحہ اور ایٹمی ہتھیار بھی کام نہیں آتے۔

(از مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 24 مارچ 2012ء)

(الف) روزنامہ جنگ مورخہ 23 مارچ 2012ء (اشاعت خصوصی) کے ایک نمایاں مضمون 23 مارچ 1940ء کی قرارداد، تاریخ اور موجودہ افادیت میں صاحب مضمون ڈاکٹر سید جعفر احمد جو پاکستان سٹڈی سنٹر جامعہ کراچی میں ڈائریکٹر ہیں۔ اپنے مندرجہ بالا مضمون میں لکھتے ہیں۔

